پریس ریلیز

گوجرانوالہ 28 دسمبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا ہے کہ محکمہ سول ڈیفنس ایک انتہائی اہم شعبہ ہے جو ہنگامی صورتحال میں لوگوں کو بروقت ممکنہ سہولیات فراہم کرنے میں بھرپور کردار ادا کرتا ہے۔ یہ ادارہ اور اس سے جڑے تمام رضا کاران اپنا قیمتی وقت اور پیسے دونوں خرچ کرنے میں دن رات مصروف عمل ہیں۔ میں اس ادارے میں اپنی اپنی ذمہ داریاں سرانجام دینے والے تمام رضا کاران خصوصاً چیف وارڈن سجاد مسعود چشتی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ڈیفنس کے معلوماتی سیمینار سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر اراکین مجلس عاملہ سابق صدر اخلاق احمد بٹ، ڈی سی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل، چیف وارڈن سجاد مسعود چشتی، سکول اور کالجز کے پرنسپلز، سول سوسائٹیز کے نمائندوں کے علاوہ ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس اور رضا کاروں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

اس موقع پر ڈی سی گوجرانوالہ فیاض احمد موہل نے خطاب میں کہا کہ سول ڈیفنس سے منسلک تمام افراد کے مسائل ترجیحی بنادوں پر حل کئے جائیں گے۔ مجوزہ بجٹ میں سول ڈیفنس کے مختص کوٹے کو بڑھانے کیلئے کوشش کی جائے گی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان افراد کے ذمہ جو جو ڈیوٹیاں ہیں پوری ایمانداری سے سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملکی میں جاری بدامنی و موجودہ صورتحال اور قدرتی آفات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس قسم معلوماتی سیمینارز اور ورکشاپس کا انعقاد وقت کی اشد ضرورت ہے۔ بعدازاں گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب کو ڈپٹی چیف وارڈن کیلئے منتخب کیا گیا اور انہیں یونیفارم بھی پیش کیا گیا۔